122665 ـ مرتد خاوند سے علیحدگی کے ایک برس بعد دوسرے شخص سے شادی کرنا

سوال

ایک مسلمان عورت کا خاوند دین اسلام سے خارج ہو گیا اور اس نے عدالت کے سامنے (یہ شرعی عدالت نہیں) اس کا اقرار بھی کیا، ایک برس سے یہ عورت اپنے خاوند سے علیحدہ ہو چکی ہے، اور اس شخص نے اپنے دین کی تعیین بھی نہ کی، تو کیا یہ شرعی طور طلاق یافتہ شمار ہوگی یا نہیں ؟ اور کیا اسے شرعی طور پر دوسرے شخص سے شادی کرنے کا حق حاصل ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

فقہاء کرام اس پر متفق ہیں کہ اگر کوئی شخص مرتد ہو جائے تو ان کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے، لیکن یہ ہے کہ کچھ تو فورا نکاح کو فسخ قرار دیتے ہیں، اور کچھ کہتے ہیں کہ عدت گزرنے کے بعد نکاح فسخ ہوگا.

اس لیے اگر عدت کے دوران وہ اسلام کی طرف واپس لوٹ آئے تو ان کا نکاح باقی رہےگا، اور اگر وہ ارتداد پر اصرار کرے اور عدت ختم ہو جائے تو ان کے درمیان نکاح فسخ ہو جائیگا.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" ائمہ اربعہ اس پر متفق ہیں کہ خاوند اور بیوی میں سے کسی ایک کے مرتد ہونے کی صورت میں نکاح فسخ ہو جائیگا لیکن اگر ارتداد دخول و رخصتی سے قبل ہو تو فوری طور پر نکاح فسخ ہو جائیگا، اور اگر دخول و رخصتی کے بعد مرتد ہو تو امام مالک اور ابو حنیفہ کے نزدیک نکاح فوری طور پر فسخ ہو جائیگا، اور امام شافعی کا مسلک ہے کہ عدت کے ختم ہونے تک انتظار کیا جائیگا، اور امام احمد سے دو روایتیں دونوں مسلکوں کے مطابق ہیں " انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی و رسائل ابن عثیمین (12 / 116).

اور بعض علماء کہتے ہیں ـ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا اختیار ہے ـ کہ عدت ختم ہونے کے بعد بیوی اپنے آپ کی مالک ہوگی اگر چاہے تو نکاح فسخ کر لے، اور اگر چاہے تو انتظار کرے ہو سکتا ہے اس کا خاوند اسلام کی طرف واپس آ جائے، تو اسے انتظار کا حق حاصل ہے، ہم بھی یہی آخری قول اختیار کرتے ہیں، اور ہماری رائے ہے کہ یہ شرعی دلائل کے زیادہ قریب ہے.

اس کا بیان سوال نمبر (21690) کے جواب میں گزر چکا ہے اس کا مطالعہ کریں.

بہر حال کسی بھی قول کے مطابق اس مسئولہ عورت کو حص حاصل ہے کہ وہ جس سے چاہے شادی کر سکتی ہے، کیونکہ ظاہر یہی ہوتا ہے کہ اس کی عدت گزر چکی ہے.

لیکن اسے ایسا سرکاری ثبوت حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جس سے طلاق یا نکاح فسخ ہونا ثابت ہو.

ہم اس عورت کو نصیحت کرتے ہیں کہ اپنے علاقے میں قریب ترین اسلامك سینٹر سے رابطہ کرے، تا کہ اس کے خاوند کے مرتد ہونے کے مسئلہ کو دیکھا جائے اور فسخ نکاح کا معاملہ مکمل ہو.

واللہ اعلم .